01U(A)

S.S.C. PUBLIC EXAMINATIONS, MARCH - 2019

URDU PAPER - I

(First Language)

(Part A & B)

Time: 2.45 Hours **Max.Marks : 40**

PRINCIPLES OF VALUATION & KEY

کلید جانچ و ہدایات برائے ممتحنین

ہدایات: ۱۔ ممتحن اعلیٰ (CE) اپنی نگرانی میں دسویں جماعت کے معیار کے مطابق جانچ کروایں۔

۲۔ مددگار ممتحنین (AE's) پرچہ جانچتے وقت صحیح جواب کے لیے (✓) کا نشان لگایں۔

۳۔ غلط جواب کے لیے (✗) کا نشان لگایں۔

۴۔ املا کی غلطی پر دائرہ (O) بنایں۔

۵۔ پرچہ جانچتے وقت غیر ضروری نرمی یا سختی نہ کریں۔

۶۔ پرچہ جانچتے وقت زائد لکھے گئے تمام جوابات کی جانچ کریں اور جس جواب کے محصلہ نشانات زیادہ ہوں ان کا شمار کریں۔ باقی کم نشانات والے جوابات کو ''زائد'' لکھ کر حذف کریں۔

۷۔ بہ حوالہ متن تشریح کے سوال کو جانچتے وقت شاعر کا حوالہ اور متن کے حوالہ کو خاص طور پر ملحوظ رکھتے ہوئے کلید میں دی گئی ہدایات کے مطابق نشانات دیے جایں۔

۸۔ پرچہ جانچتے وقت موادِ مضمون، زبان، اندازِ بیان، جملوں کی بندش، خوش خطی، املا، رموز و اوقاف اور قواعد کو خاص طور پر ملحوظ رکھتے ہوئے نشانات دیے جایں۔

۹۔ غلط جواب کو قلم زد کر کے ''صفر'' نشان دیں۔

۱۰۔ ¼ یا ¾ نشان نہ دیں۔

۱۱۔ ہر صفحہ پر دیئے گئے نشانات کا میزان صفحہ کے آخر میں دائرہ بنا کر اس میں درج کریں۔

۱۲۔ جوابی بیاض کے جملہ محصلہ نشانات کا اندراج اچھی طرح دیکھ کر کریں سہو سے طلبا کو نقصان نہ پہنچنے پائے۔ طلباء کے ساتھ انصاف کریں ناانصافی نہ ہونے پائے۔

۱۳۔ OMR شیٹ کی تکمیل پشت پر دی گئی ہدایات کے مطابق انتہائی احتیاط اور ذمہ داری کے ساتھ کریں۔

۱۴۔ پارٹ (A) اور پارٹ (B) کے نشانات OMR شیٹ میں مقررہ کالم میں درج کریں اور اچھی طرح دیکھ کر ذمہ داری کے ساتھ ان کو جمع کریں اور جملہ محصلہ نشانات کے کالم میں درج کریں۔

۱۵۔ OMR شیٹ میں نشانات کا اندراج کرتے وقت پرچہ سوالات کے سلسلے کو ملحوظ رکھتے ہوئے مقررہ سوال کے محاذی اُسی سوال کے نشانات کا اندراج کریں۔

۱۶۔ ضرورت پڑنے پر ممتحن اعلیٰ سے مدد لیں۔

☆☆☆

PART - A

Marks : 30

I سمجھنا /اظہار خیال کرنا 12 Marks

(الف) 1. ذیل میں سے کسی ایک حصہ کا مطلب/تشریح لکھنے پر چار (4) نشانات مقرر ہیں۔ کسی ایک حصہ کا صحیح مطلب لکھنے پر مواد کے لیے دو (2) نشانات، زبان و انداز بیان کے لیے ایک (1) نشان، خوش خطی و صحیح املا کے لیے ایک (1) نشان دیا جائے۔ اس طرح کسی ایک حصہ کی صحیح تشریح/مطلب لکھنے پر جملہ چار (4) نشانات دیے جایں۔

(ب) 2. ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب لکھنے پر چار (4) نشانات مقرر ہیں۔

دیے گئے اشعار کی بحوالۂ متن صحیح تشریح کرنے پر تین (3) نشانات، زبان اور انداز بیان کے لیے آدھا (½) نشان اور درست املا اور خوش خطی کے لیے آدھا (½) نشان دیا جائے۔ اس طرح جملہ چار (4) نشانات دیے جایں۔

(یا)

دیے گئے اشعار کو مکمل کرنے پر چار (4) نشانات دیے جایں۔

جوابات:

- لقب پانے والے
- برلانے والا
- غیروں کے
- وہ اپنے پرائے

(ج) ذیل کی عبارت پڑھ کر صحیح جوابات لکھنے پر چار (4) نشانات مقرر ہیں۔ ہر جواب کے لیے ایک (1) نشان اس طرح جملہ چار (4) نشانات دیے جایں۔

جواب:

3. گاؤں میں پانی پلانے سے پہلے مٹھائی یا گڑ ضرور پیش کیا جاتا ہے۔
4. مرحوم کے ساتھ سارا گاؤں قبرستان تک جاتا ہے۔
5. شہر والے اسی جنازے کو کندھا دیتے ہیں جس کے لواحقین سے کوئی فائدہ پہنچنے والا ہوتا ہے۔
6. مصنف چنداماما کو تیرتے ہوئے دیکھ کر جوان ہوا۔

II. اظہار مافی الضمیر / تخلیقی صلاحیت کا اظہار 18 Marks

(د) دیے گئے چار سوالات (7، 8، 9 اور 10) میں کے جواب پانچ یا چھ جملوں میں لکھنے پر آٹھ (8) نشانات مقرر ہیں۔ ہر ایک سوال کا صحیح جواب تقریباً پانچ سطروں میں لکھنے پر مواد مضمون کے لیے ایک (1) نشان، زبان اور انداز بیان کے لیے آدھا (½) نشان، خوش خطی و صحیح املا کے لیے آدھا (½) نشان دیا جائے۔ اس طرح چار جوابات کے لیے جملہ آٹھ (8) نشانات دیے جایں۔

(ھ) دیے گئے دو سوالات گیارہ (11) بارہ (12) سے ایک سوال کا جواب لازمی ہے۔

ہر سوال کا جواب تقریباً دس سطروں میں لکھنے پر مواد مضمون کے لیے تین (3) نشانات، زبان اور انداز بیان کے لیے ایک (1) نشان، خوش خطی و صحیح املا کے لیے ایک (1) نشان دیا جائے۔ اس طرح دو صحیح جوابات کے لیے جملہ دس (10) نشانات دیے جایں۔

******

PART - B

III. زبان شناسی/لفظیات **20 x ½ = 10**

دیے گئے سوالات کے صحیح جواب کا صحیح حرف دی گئی قوس میں درج کرنے پر ہر صحیح جواب کے لیے آدھا(½) نشان دیا جاے۔

1 _____ الف	11 _____ الف
2 _____ ب	12 _____ الف
3 _____ ب	13 _____ الف
4 _____ الف	14 _____ ب
5 _____ ب	15 _____ الف
6 _____ ب	16 _____ ج
7 _____ ب	17 _____ الف
8 _____ الف	18 _____ ب
9 _____ الف	19 _____ ب
10 _____ ب	20 _____ الف

******